احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

پیر 25 فروری 2008ء

روزنامہ

الفضل

C.P.L 29-FD ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

پیر 25 فروری 2008ء 17 صفر 1429 ہجری 25 تبلیغ 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 44

پہلے گناہوں کا کفارہ

حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے مروی ہے آپ نے وضو کا پانی منگوایا اور پھر فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا:۔ کوئی شخص ایسا نہیں کہ جب فرض نماز کا وقت آئے وہ اچھی طرح وضو کرے پھر وہ نہایت توجہ اور خشوع سے نماز پڑھے اور عمدگی سے رکوع (سجود) کرے تو وہ نماز اس کے پہلے گناہوں کا کفارہ ہو جاتی ہے۔ بشرطیکہ وہ کسی بڑے گناہ کا مرتکب نہ ہوا ہو اور بخشش کا یہ سلسلہ ہمیشہ سے جاری رہتا ہے۔

(مسلم کتاب الطہارۃ باب فضل الوضوء والصلاۃ عقبہ حدیث نمبر:335)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

انسان کی زہدانہ زندگی کا بڑا بھاری معیار نماز ہے۔ وہ شخص جو خدا کے حضور نماز میں گریاں رہتا ہے۔ امن میں رہتا ہے جیسے کہ ایک بچہ اپنی ماں کی گود میں چیخ چیخ کر روتا ہے اور اپنی ماں کی محبت اور شفقت کو محسوس کرتا ہے۔ اسی طرح پر نماز میں تضرع اور ابتہال کے ساتھ خدا کے حضور گڑ گڑانے والا اپنے آپ کو ربوبیت کی عطوفت کی گود میں ڈال دیتا ہے۔ یاد رکھو اس نے ایمان کا حظ نہیں اٹھایا جس نے نماز میں لذت نہیں پائی۔ نماز صرف ٹکروں کا نام نہیں ہے۔ بعض لوگ نماز کو تو چار چونچیں لگا کر جیسے مرغی ٹھونگیں مارتی ہے۔ ختم کرتے ہیں اور پھر لمبی چوڑی دعا شروع کرتے ہیں؛ حالانکہ وہ وقت جو اللہ تعالیٰ کے حضور عرض کرنے کے لئے ملا تھا اس کو صرف ایک رسم اور عادت کے طور پر جلد جلد کرنے میں گزار دیتے ہیں اور حضور الٰہی سے نکل کر دعا مانگتے ہیں۔ نماز میں دعا مانگو۔ نماز کو دعا کا ایک وسیلہ اور ذریعہ سمجھو۔

فاتحہ۔ فتح کرنے کو بھی کہتے ہیں۔ مومن کو مومن اور کافر کو کافر بنا دیتی ہے۔ یعنی دونوں میں ایک امتیاز پیدا کر دیتی ہے اور دل کو کھولتی، سینہ میں ایک انشراح پیدا کرتی ہے، اس لئے سورۃ فاتحہ کو بہت پڑھنا چاہئے اور اس دعا پر خوب غور کرنا ضروری ہے۔ انسان کو واجب ہے کہ وہ ایک سائل کامل اور محتاج مطلق کے صورت بناوے اور جیسے ایک فقیر اور سائل نہایت عاجزی سے کبھی اپنی شکل سے اور کبھی آواز سے دوسرے کو رحم دلاتا ہے۔ اسی طرح سے چاہئے کہ پوری تضرع اور ابتہال کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے حضور عرض حال کرے۔

پس جب تک نماز میں تضرع سے کام نہ لے اور دعا کے لئے نماز کو ذریعہ قرار نہ دے۔ نماز میں لذت کہاں۔؟

یہ ضروری بات نہیں ہے کہ دعائیں عربی زبان میں کی جاویں؛ چونکہ اصل غرض نماز کی تضرع اور ابتہال ہے، اس لئے کہ چاہئے کہ اپنی مادری زبان میں ہی کرے۔ انسان کو اپنی مادری زبان سے ایک خاص انس ہوتا ہے اور پھر وہ اس پر قادر ہوتا ہے۔ دوسری زبان سے خواہ اس میں کس قدر بھی دخل اور مہارت کامل ہو، ایک قسم کی اجنبیت باقی رہتی ہے۔ اس لئے چاہئے کہ اپنی مادری زبان ہی میں دعائیں مانگے۔

(ملفوظات جلد اول ص 402)

نماز کا پڑھنا اور وضو کا کرنا طبی فوائد بھی اپنے ساتھ رکھتا ہے۔ اطباء کہتے ہیں کہ اگر کوئی ہر روز منہ نہ دھوئے تو آنکھ آ جاتی ہے اور یہ نزول الماء کا مقدمہ ہے اور بہت سی بیماریاں اس سے پیدا ہوتی ہیں پھر بتلاؤ کہ وضو کرتے ہوئے کیوں موت آتی ہے۔ بظاہر کیسی عمدہ بات ہے منہ میں پانی ڈال کر کلی کرنا ہوتا ہے۔ مسواک کرنے سے منہ کی بدبو دور ہوتی ہے۔ دانت مضبوط ہو جاتے اور دانتوں کی مضبوطی غذا کے عمدہ طور پر چبانے اور جلد ہضم ہو جانے کا باعث ہوتی ہے۔ پھر ناک صاف کرنا ہوتا ہے۔ ناک میں کوئی بدبو داخل ہو تو دماغ کو پراگندہ کر دیتی ہے

اب بتلاؤ کہ اس میں کیا برائی ہے۔ اس کے بعد وہ اللہ تعالیٰ کی طرف اپنی حاجات لے جاتا ہے اور اس کو اپنے مطالب عرض کرنے کا موقع ملتا ہے۔

دعا کرنے کے لئے فرصت ہوتی ہے۔ زیادہ سے زیادہ نماز میں ایک گھنٹہ لگ جاتا ہے، اگرچہ بعض نمازیں تو پندرہ منٹ سے بھی کم میں ادا ہو جاتی ہیں۔ پھر بڑی حیرانی کی بات ہے کہ نماز کے وقت کو تضیع اوقات سمجھا جاتا ہے جس میں اس قدر بھلائیاں اور فائدے ہیں اور اگر سارا دن اور ساری رات لغو اور فضول باتوں یا کھیل اور تماشوں میں ضائع کر دیں تو اس کا نام مصروفیت رکھا جاتا ہے۔ اگر قوی ایمان ہوتا، قوی تو ایک طرف اگر ایمان ہی ہوتا، یہ حالت کیوں ہوتی اور یہاں تک نوبت کیوں پہنچتی۔

(ملفوظات جلد اول صفحہ 407)

یتیم کی کفالت اور ہمارا فرض

ایک یتیم نے ایک شخص پر ایک نخلستان کے متعلق دعویٰ کیا لیکن رسول اللہ ﷺ نے اس کے خلاف فیصلہ کیا تو وہ رو پڑا آپ کو اس پر رحم آ گیا اور مدعا علیہ سے فرمایا کہ اس کو یہ نخلستان دے ڈالو۔ خدا تم کو اس کے بدلے میں جنت میں نخلستان دے گا لیکن اس نے انکار کر دیا حضرت ابوالدحداح بھی موجود تھے انہوں نے اس سے کہا کہ تم میرے باغ کے عوض اپنے باغ کو بیچتے ہو؟ اس نے کہا ہاں! وہ رسول کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کہا کہ جو نخلستان آپ یتیم کیلئے مانگتے تھے اگر میں دے دوں تو اس کے عوض مجھے جنت میں نخلستان ملے گا؟ ارشاد ہوا ہاں!

(اسوہ صحابہ حصہ اول صفحہ 215)

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں:۔

''پھر اس لئے بھی وہ (یتیم) محبت اور حسن سلوک کے مستحق ہوتے ہیں کہ وہ اپنے والدین کے سایہ عاطفت سے بچپن میں ہی محروم ہو جاتے ہیں اور اس وجہ سے وہ قوم کی ایک قیمتی امانت ہوتے ہیں۔ اگر ان کی صحیح نگرانی کی جائے ان کی تعلیم وتربیت کا انتظام کیا جائے، ان کو آوارگی سے محفوظ رکھا جائے تو وہ قوم کا ایک مفید وجود بن جاتے ہیں'' (تفسیر کبیر جلد 2 ص 7)

(مرسلہ سیکرٹری کمیٹی کفالت یکصد یتامیٰ دارالضیافت ربوہ)

طلباء وطالبات کیلئے

دعا کی درخواست

آئندہ چند ماہ میں میٹرک' O لیول' A لیول اور انٹرمیڈیٹ کے سالانہ امتحانات کا آغاز ہو رہا ہے تمام طلباء وطالبات کیلئے خاص دعا کی درخواست ہے کہ اللہ ان کو کامیاب فرمائے اور سلسلہ کا انتہائی مفید وجود بنائے۔ اس سلسلہ میں طلباء وطالبات سے بھی درخواست ہے کہ باقاعدگی سے دعائیں کریں صدقات دیں اور حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو دعائیہ خط تحریر کریں۔

(نظارت تعلیم)

مشعل راہ

خلیفہ وقت کا فیصلہ ہمیشہ معروف فیصلہ ہوگا

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خطبہ جمعہ 26 ستمبر 2003ء میں اطاعت کی تلقین کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے **علقمہ بن مُجزّزُ** کو ایک غزوہ کے لئے روانہ کیا جب وہ اپنے غزوہ کی مقررہ جگہ کے قریب پہنچے یا ابھی وہ رستہ ہی میں تھے کہ ان سے فوج کے ایک دستہ نے اجازت طلب کی۔ چنانچہ انہوں نے ان کو اجازت دے دی اوران پر عبداللہ بن حذافہ بن قیس السہمی کو امیر مقرر کردیا۔ کہتے ہیں میں بھی اس کے ساتھ غزوہ پر جانے والوں میں سے تھا۔ پس جب کہ ابھی وہ رستہ میں ہی تھے تو ان لوگوں نے آگ سینکنے یا کھانا پکانے کے لئے آگ جلائی تو عبداللہ نے (جو امیر مقرر ہوئے تھے اور جن کی طبیعت مزاحیہ تھی) کہا کیا تم پر میری بات سن کر اس کی اطاعت فرض نہیں؟ انہوں نے کہا کیوں نہیں؟ اس پر عبداللہ بن حذافہؓ نے کہا کیا میں تم کو جو بھی حکم دوں گا تم اس کو بجالاؤ گے؟ انہوں نے کہا۔ ہاں ہم بجالائیں گے۔

اس پر عبداللہ بن حذافہؓ نے کہا میں تمہیں تاکیداً کہتا ہوں کہ تم اس آگ میں کود پڑو۔ اس پر کچھ لوگ کھڑے ہوکر آگ میں کودنے کی تیاری کرنے لگے۔ پھر جب عبداللہ بن حذافہؓ نے دیکھا کہ یہ تو سچ مچ آگ میں کودنے لگے ہیں تو عبداللہ بن حذافہؓ نے کہا اپنے آپ کو (آگ میں ڈالنے سے) روکو۔ (خود ہی یہ کہہ بھی دیا جب دیکھا کہ لوگ سنجیدہ ہورہے ہیں)۔ کہتے ہیں پھر جب ہم اس غزوہ سے واپس آگئے تو صحابہؓ نے اس واقعہ کا ذکر نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کردیا۔ اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ’’امراء میں سے جو شخص تم کو اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرنے کا حکم دے اس کی اطاعت نہ کرو۔

(سنن ابن ماجہ کتاب الجہاد باب لاطاعۃ فی معصیۃ اللّٰہ)

تو واضح ہو کہ نبی یا خلیفہ وقت کبھی بھی مذاق میں بھی یہ بات نہیں کرسکتا۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ اگر تم کسی واضح حکم کی خلاف ورزی امیر کی طرف سے دیکھو تو پھر اللہ اور رسول کی طرف رجوع کرو۔ اوراب اس زمانہ میں حضرت مسیح موعود کے بعد خلافت ………… کا قیام ہوچکا ہے اور خلیفہ وقت تک پہنچو۔ جس کا فیصلہ ہمیشہ معروف فیصلہ ہی ہوگا انشاء اللہ۔ اور اللہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے احکام کے مطابق ہی ہوگا۔ تو جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا کہ **تمہیں خوشخبری ہو کہ اب تم ہمیشہ معروف فیصلوں کے نیچے ہی ہو۔ کوئی ایسا فیصلہ انشاء اللہ تمہارے لئے نہیں ہے جو غیر معروف ہو۔**

اس کے بعد اب میں یہ بیان کرنا چاہتا ہوں کہ حضرت اقدس مسیح موعود کی جماعت میں شامل ہوکر، آپ کی بیعت کرکے، آپ سے ان دس شرائط پر عہد بیعت باندھ کر ان شرائط پر عمل بھی کیا گیا، اطاعت کا نمونہ بھی دکھایا گیا یا صرف زبانی جمع خرچ ہی رہا کہ ہم ان شرائط پر آپ سے بیعت کرتے ہیں۔ اس کے لئے میں نے چند نمونے لئے ہیں جن سے پتہ چلے کہ بیعت کرنے والوں نے اپنے اندر کیا روحانی تبدیلیاں کیں اور کیا روحانی انقلابات آئے۔ اور یہ تبدیلیاں حضرت مسیح موعود کے زمانے میں بھی اور اس زمانہ میں بھی ہمیں نظر آتی ہیں۔

حضرت اقدس مسیح موعود فرماتے ہیں:

’’میں حلفاً کہتا ہوں کہ کم ازکم ایک لاکھ آدمی میری جماعت میں ایسے ہیں کہ سچے دل سے میرے پر ایمان لاتے ہیں اور اعمال صالحہ بجالاتے ہیں اور باتیں سننے کے وقت اس قدر روتے ہیں کہ ان کے گریبان تر ہوجاتے ہیں‘‘۔

(سیرۃ المہدی جلد اول ۔ صفحہ 146)

تو ایک شرط یہ تھی کہ شرک سے اجتناب کریں گے۔ صرف ہمارے مرد ہی نہیں بلکہ خواتین بھی ایسے اعلیٰ معیار قائم کرگئی ہیں اور ایسے اعلیٰ نمونے دکھائے ہیں کہ ان کو دیکھ کر دل اللہ تعالیٰ کی حمد سے بھر جاتا ہے کہ کیا انقلاب آیا اور حضرت مسیح موعود کے لئے دعا نکلتی ہے۔

(روزنامہ الفضل 6 فروری 2004ء)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر / امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

واقفین نو متوجہ ہوں

۞ سروسز انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز سروسز ہسپتال لاہور نے مندرجہ ذیل پیرامیڈیکل کورسز میں داخلہ کا اعلان کیا ہے۔

1۔ بی ایس سی آنرز میڈیکل Imaging ٹیکنالوجی (چارسالہ کورس)

2۔ بی ایس سی آنرز آپریشن تھیٹر اسسٹنٹ ٹیکنالوجی (چارسالہ کورس)

3۔ بی ایس سی آنرز میڈیکل لیبارٹری ٹیکنالوجی (چارسالہ کورس)

درخواستیں جمع کروانے کی آخری تاریخ 8 مارچ 2008ء ہے مزید تفصیلات روزنامہ جنگ لاہور 16 فروری 2008ء میں دیکھی جاسکتی ہیں ایف ایس سی پاس واقفین نو جو میڈیکل کالج میں داخلے کیلئے انٹری ٹیسٹ میں پاس نہ ہوسکے ہوں وہ یہ کورسز پاس کر کے جماعت کیلئے بہترین اور مفید وجود بن سکتے ہیں کیونکہ جماعت کے ہسپتالوں میں ان کی ضرورت ہے۔

(وکیل وقف نو)

اعلان داخلہ

۞ وفاقی اردو یونیورسٹی اسلام آباد نے شعبہ کمپیوٹر سائنس، فزکس، اردو، مینجمنٹ سائنسز اور معاشیات کے متفرق بیچلر اور ماسٹر پروگرام میں داخلہ کیلئے درخواستیں طلب کی ہیں اس سلسلہ میں مکمل معلومات مورخہ 17 فروری روزنامہ جنگ یا مندرجہ ذیل ویب سائٹ ملاحظہ کی جاسکتی ہیں www.fuuastisb.edu.pk داخلہ فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 23 فروری 2008ء ہے۔

۞ ہائر ایجوکیشن کمیشن (HEC) نے ایم فل میں داخلوں اور HEC اسکالرشپ سکیموں کیلئے GAT General کے انعقاد کی ذمہ داری NTS کو سونپی ہے۔ کم ازکم 16 سالہ تعلیم کے حامل امیدوار ایم فل اور HEC سکالرشپس پروگراموں کے ٹیسٹ میں شرکت کے اہل ہیں اس سلسلہ میں مکمل معلومات متعلقہ ویب سائٹ سے حاصل کی جاسکتی ہیں متعلقہ سائٹ کا ایڈریس یہ ہے www.nts.org.pk

ڈومیسائل بنوالیں

۞ دو تین ماہ میں انٹرمیڈیٹ کے بورڈ کے امتحانات شروع ہونے والے ہیں۔ اس کے فوری بعد (رزلٹ سے قبل) اکثر حکومتی ادارہ جات اپنے متفرق پروگراموں میں داخلہ کھول دیتے ہیں اور تمام متعلقہ کاغذات مقررہ دنوں میں جمع کروانے ہوتے ہیں ان میں سب سے اہم دستاویز (Domicile) ہوتا ہے اور کراچی میں اس کے علاوہ PRC بھی بنوانا پڑتا ہے۔ داخلہ کے قریب رش زیادہ ہونے کی وجہ سے ابھی بنوالیا جائے تو بہتر ہے۔ اس لئے تمام طلباء اور ان کے والدین سے درخواست ہے کہ اگر حکومتی پیشہ وارانہ ادارہ میں داخلہ کی خواہش رکھتے ہیں تو ایک تو ڈومیسائل فوراً بنوالیا جائے اور دوسرے متعلقہ اسناد کی کم ازکم 12 عدد کاپیاں اور تصاویر بھی Attest کروالی جائیں۔

(نظارت تعلیم)

سانحہ ارتحال

۞ مکرم لیاقت علی طاہر صاحب کارکن نظارت امور عامہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کے والد محترم محمد بوٹا صاحب ولد مکرم مہر دین صاحب مورخہ 14 جنوری 2008ء کو بعارضہ قلب بقضائے الٰہی وفات پا گئے۔ مورخہ 16 جنوری 2008ء کو بوقت 11 بجے دن احاطہ دفاتر صدر انجمن احمدیہ میں محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی نے نماز جنازہ پڑھائی اور قبرستان عام میں قبر تیار ہونے پر محترم سلیم الدین صاحب ناظر امور عامہ نے دعا کروائی۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ خاکسار کے والد محترم کو غریق رحمت کرے ان کی مغفرت فرمائے اور جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ہم سب لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

اعلان دارالقضاء

(مکرم ولی محمد صاحب ترکہ مکرم احمد جان صاحب)

۞ مکرم ولی محمد صاحب نے درخواست دی ہے کہ خاکسار کی والدہ محترمہ احمد جان صاحبہ عرف احمد بی بی بقضائے الٰہی وفات پاگئی ہیں۔ ان کے نام قطعہ نمبر 9/18 محلّہ دارالیمن ربوہ برقبہ 1 کنال 197 مربع فٹ میں سے صرف نصف الاٹ ہے۔ یہ قطعہ میرے نام منتقل کردیا جائے دیگر ورثاء کو اس منتقلی پر کوئی اعتراض نہ ہے۔ جملہ ورثاء کی تفصیل

(1) مکرم ولی محمد صاحب (بیٹا)

(2) مکرم ڈاکٹر اقبال محمد صاحب (بیٹا)

(3) مکرم ڈاکٹر ارشاد محمد صاحب (بیٹا)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ کسی وارث یا غیر وارث کو اس منتقلی پر اگر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دفتر ہذا کو مطلع کرکے ممنون فرمائیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

روحانی طبیب حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے

ڈاکٹرز اور اطباء کیلئے پُر حکمت اور رہنما اصول

طبیب کیلئے مناسب ہے کہ اپنے بیمار کیلئے دعا کرے کیونکہ ذرہ ذرہ اللہ کے ہاتھ میں ہے

(مکرم حنیف احمد محمود صاحب)

قسط دوم آخر

فالو اپ مزید ہمدردی کا موجب ہوتا ہے

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم جو روحانی طبیب تھے اپنے سے تعلق رکھنے والے، میل جول رکھنے والے احباب کا حال احوال دریافت فرمایا کرتے تھے۔ آپؐ کے متعلق احادیث میں درج ہے کہ آپؐ صبح کی نماز کے معاً بعد حاضرین کی طرف اپنا رخ مبارک پھیر لیتے اور حاضرین یعنی نمازیوں کا جائزہ لیتے اور جو دوست نماز پر نہ آئے ہوتے ان کے گھروں میں جا کر تیمارداری کرتے اور حال احوال پوچھتے۔

آج کے دور میں جب کہ پریشانیوں اور غذائیں خالص نہ ملنے کی وجہ سے بیماریاں بہت بڑھ گئی ہیں اور مریضوں کی تعداد میں خاطر خواہ اضافہ ہو گیا ہے۔ ایک ڈاکٹر اور طبیب کے لئے اپنے مریضوں کا Follow Up کرنا قدرے مشکل نظر آتا ہے۔ تاہم ہر ممکنہ کوشش کرنی چاہیئے۔ کچھ عرصہ پہلے تک ڈاکٹرز حضرات مریضوں سے باقاعدہ رابطہ رکھا کرتے تھے۔ حضرت ڈاکٹر خلیفہ رشید الدین صاحب (خسر حضرت مصلح موعود) کے متعلق آتا ہے کہ آپ کو قادیان میں ایک دوست نے شدید سردی کی رات میں اپنی اہلیہ کے معائنہ کے لئے بلوایا۔ آدھی رات گزر چکی تھی۔ مریضہ کی حالت بہت خراب تھی۔ آپ ایک ڈیڑھ میل کا فاصلہ طے کر کے مریضہ کے معائنہ کے لئے پہنچے۔ مریضہ کا معائنہ کر کے دوا دی اور فرمایا کہ ایک گھنٹہ تک پھر دورہ کا امکان ہے۔ میں یہیں ٹھہرتا ہوں۔ گھر کے مالک نے اصرار کر کے واپس بھجوا دیا۔ کیونکہ گھر میں صرف ایک کمرہ تھا۔

حضرت ڈاکٹر خلیفہ صاحب نے عین ایک گھنٹہ کے بعد گھر کے دروازہ پر دستک دے دی۔ حضرت ڈاکٹر صاحب کو دروازہ پر موجود پا کر مالک بہت حیران و پریشان ہوا۔ پوچھنے پر فرمایا کہ مجھے مریضہ کی علالت کی فکر تھی میں باہر جانوروں کی چارہ والی جگہ پر بیٹھ گیا تھا۔ اور جب ڈاکٹر صاحب دوبارہ معائنہ کے لئے حاضر ہوئے اس وقت واقعتاً مریضہ کی حالت بہت خراب ہو چکی تھی۔ آپ کے Follow Up کی وجہ سے مریض تندرست و صحت یاب ہو گیا۔

(سیرت و سوانح حضرت ڈاکٹر خلیفہ رشید الدین ص135)

مرا مقصود و مطلوب و تمنا خدمت خلق است

ڈاکٹری شعبہ کو پیشہ کا نام صرف سمجھانے کی خاطر دیا جانا چاہیئے۔ اصل کام تو خدمت انسانیت اور خدمت خلق ہے۔ اور اس کی خاطر مال اور وقت اور اپنی تمام تر استعدادوں کو بروئے کار لانا انفاق فی سبیل اللہ کے زمرہ میں آتا ہے۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم پر جب پہلی وحی نازل ہوئی اور آپؐ گھبراہٹ کے عالم میں اپنے گھر تشریف لائے اور حضرت خدیجہؓ سے کپڑا اوڑھنے کو فرمایا تو حضرت خدیجہؓ نے آپؐ کی گھبراہٹ دیکھ کر عرض کیا تھا کہ:۔

''خدا کی قسم! اللہ تعالیٰ آپ کو کبھی رسوا نہ کرے گا۔ آپؐ صلہ رحمی کرتے ہیں، کمزوروں کا بوجھ اٹھاتے ہیں۔ جو خوبیاں معدوم ہو چکی ہیں ان کو جاری فرماتے ہیں اور مہمان نوازی کرتے ہیں۔''

حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے ایک موقع پر اس کا حوالہ دے کر یہ نصیحت فرمائی ہے کہ آج بھی اگر ہم ان اوصاف اور عادات حمیدہ کو اپنائیں گے تو جماعت احمدیہ کے لئے اب بھی حفاظت کی ضمانت موجود ہے۔

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم تو ہر وقت خدمت خلق پر کوشاں رہتے تھے۔ ایک دفعہ ایک بڑھیا کا بوجھ اٹھا کر اس کے گھر تک چھوڑ آئے اور جب آپ سامان چھوڑ رہے تھے تو اس بوڑھی عورت نے نصیحت کرتے ہوئے فرمایا کہ اے نوجوان! یہاں محمد نامی ایک شخص ہے جو جادوگر ہے اس سے محفوظ رہنا۔ جب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ نوجوان میں ہی ہوں تو فوراً کلمہ پڑھ کر مسلمان ہو گئی۔

''بوجھ'' کا لفظ بہت وسیع ہے۔ اس سے مادی بوجھ کے ساتھ ساتھ مالی بوجھ بھی مراد لیا جا سکتا ہے جو اس شعبہ سے متعلق افراد کو غرباء و مستحقین کا برداشت کرنا ہوتا ہے۔''

حضرت ڈاکٹر میر محمد اسماعیل صاحب نے قادیان میں یہ ہدایت دے رکھی تھی کہ قادیان میں کوئی غریب مریض ہو تو مجھے ضرور بتا دیا کریں۔ میں اسے گھر جا کر دیکھ لیا کروں گا۔

اور یہی وہ کارگر نسخہ ہے عمر بڑھانے کا جو قرآن کریم میں بیان ہوا ہے۔ سیرالیون کے ایک احمدی ڈاکٹر ادریس بنگورا سے مختلف نسخوں پر ایک دفعہ بات ہو رہی تھی۔ تو مجھے مخاطب ہو کر کہنے لگے کہ کیا میں عمر بڑھانے کا نسخہ نہ بتاؤں۔ میں نے خوشی خوشی اس امر کا اظہار کیا کہ جلدی بتلائیں تو فوراً کہنے لگے۔ کہ جو لوگ دوسروں کو نفع پہنچاتے ہیں اور مفید ہو جاتے ہیں۔ ان کی عمر دراز ہوتی ہے اور ساتھ میں آپ نے حضرت چوہدری سر محمد ظفر اللہ خان صاحب کو بطور مثال پیش کیا۔

سیدنا حضرت مسیح موعود نے بھی لمبی عمر پانے کا نسخہ یہی تحریر فرمایا ہے کہ ''انسان کو لازم ہے کہ وہ خیر الناس من ینفع الناس بننے کے واسطے سوچتا رہے۔''

(ملفوظات جلد 1 صفحہ 353)

خدمت انسانیت اور خدمت خلق کے تحت اس امر کا بھی ذکر ضروری ہے۔ کہ شعبہ ڈاکٹری سے منسلک افراد 24 گھنٹے کے لئے وقف ہیں۔ گو آج کل حالات اجازت نہیں دیتے کہ وہ گھروں کا Visit کریں۔ تاہم مریض سے رابطہ اور ان کے لئے دوائی تجویز کرنے کے اور طریق بھی تو ہیں۔ کہتے ہیں چار میم یعنی مریض، موت، مسافر اور مہمان کے آنے کا وقت مقرر نہیں ہے۔ اس لئے ڈاکٹر اور طبیب 24 گھنٹے کے لئے وقف ہے اور یہی طریق ہمارے آقا و مولیٰ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا تھا۔ اور وہ اپنے آپ کو 24 گھنٹے کے لئے وقف سمجھتے تھے بلکہ عملاً تھے بھی۔ اور اپنے آرام پر مخلوق خدا کے آرام کو ترجیح دیتے۔

حضرت جریر بن عبد اللہؓ بیان کرتے ہیں کہ جب سے میں اسلام لایا مجھے کبھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ملاقات سے نہیں روکا۔ آپؐ جب بھی مجھے دیکھتے تبسم فرماتے۔

(شمائل ترمذی باب فی ضحک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ص216)

حضرت مسیح موعود بھی باوجود بے انتہا دینی مصروفیات کے غریب اور گنوار عورتوں کا علاج خوب کیا کرتے تھے۔ حضرت مولانا عبدالکریم صاحب سیالکوٹی کی زبانی یہ دلچسپ واقعہ بیان ہوا ہے آپ فرماتے ہیں۔

''بعض اوقات دوا پوچھنے والی گنواری عورتیں زور سے دستک دیتی ہیں۔ اور اپنی سادہ اور گنواری زبان میں کہتی ہیں ''مرزا جی جرا بوا کھولوتاں'' حضرت اس طرح اٹھتے ہیں جیسے مطاع ذی شان کا حکم آیا ہے اور کشادہ پیشانی سے باتیں کرتے اور دوا بتاتے ہیں۔ ہمارے ملک میں وقت کی قدر پڑھی ہوئی جماعت کو بھی نہیں۔ تو پھر گنوار تو اور بھی وقت کے ضائع کرنے والے ہیں۔ ایک عورت بے معانی بات چیت کرنے لگ گئی ہے اور اپنے گھر کا رونا اور ساس نند کا گلہ شروع کر دیا ہے۔ اور گھنٹہ بھر اسی میں ضائع کر دیا ہے۔ آپ وقار اور تحمل سے بیٹھے سن رہے ہیں۔ زبان سے یا اشارہ سے اس کو کہتے نہیں کہ بس اب جاؤ دوا پوچھ لی۔ اب کیا کام ہے۔ ہمارا وقت ضائع ہوتا ہے وہ خود ہی گھبرا کر کھڑی ہوتی اور مکان کو اپنی ہوا سے پاک کرتی ہے۔ ایک دفعہ بہت سی گنواری عورتیں بچوں کو لے کر دکھانے آئیں اتنے میں اندر سے بھی چند خدمت گار عورتیں شربت شیرہ کے لئے برتن ہاتھوں میں لئے آنکلیں اور آپ کو دینی ضرورت کے لئے ایک بڑا اور اہم مضمون لکھنا تھا، اور جلد لکھنا تھا میں اتفاقاً جا نکلا۔ کیا دیکھتا ہوں۔ حضرت کمر بستہ اور مستعد کھڑے ہیں جیسے کوئی یورپین اپنی دنیوی ڈیوٹی پر چست اور ہوشیار کھڑا ہوتا ہے۔ اور پانچ چھ صندوق کھول رکھے ہیں اور چھوٹی چھوٹی شیشیوں اور بوتلوں میں سے کسی کو کچھ اور کسی کو کوئی عرق دے رہے ہیں۔ اور کوئی تین گھنٹے تک یہی بازار لگا رہا۔ اور ہسپتال جاری رہا۔ فراغت کے بعد میں نے عرض کیا۔ حضرت یہ تو بڑی زحمت کا کام ہے اور اس طرح بہت سا قیمتی وقت ضائع ہو جاتا ہے۔ اللہ اللہ کس نشاط اور طمانیت سے مجھے جواب دیتے ہیں کہ یہ بھی تو ویسا ہی دینی کام ہے۔ یہ مسکین لوگ ہیں۔ یہاں کوئی ہسپتال نہیں۔ میں ان لوگوں کی خاطر ہر طرح کی انگریزی اور یونانی دوائیں منگوا رکھا کرتا ہوں۔ جو وقت پر کام آ جاتی ہیں اور فرمایا یہ بڑے ثواب کا کام ہے۔ مومن کو ان کاموں میں سست اور بے پرواہ نہیں ہونا چاہیئے۔''

(سیرت مسیح موعود از حضرت عبدالکریم صاحب سیالکوٹی صفحہ 20-21)

احتساب کی عادت

روحانی اور مادی معالج میں ایک سانجھی عادت احتساب یعنی اپنا محاسبہ کرنے کی ہے۔

ایک انسان کو رات کو بستر پر جاتے اور صبح اٹھتے اپنا محاسبہ کرنے اور اپنے نفس سے باتیں کرنے کی عادت ہونی چاہیئے کہ اے نفس زندگی سرمایہ ہے اور تجھے ایک دن مزید میسر آ گیا ہے۔ اس کو درست اور صحیح استعمال کے لئے منصوبہ بندی کرنا اور سابقہ کام کا محاسبہ کرنا ضروری ہے اور بالخصوص ڈاکٹری شعبہ سے

تعلق رکھنے والوں کو تو نفس کے محاسبہ کی کوشش زیادہ کرنی چاہیئے۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

نفس کو مارو کہ اس جیسا کوئی دشمن نہیں
چپکے چپکے کرتا ہے یہ پیدا سامان دامار

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم ہر شام اپنا محاسبہ فرمایا کرتے تھے اور اپنے نفس سے مخاطب ہوا کرتے تھے۔

ایسا کرنے سے انسان کی اپنی اصلاح بھی ہو جاتی ہے اور کام کرنے کے لئے نئے عزم کے ساتھ نیا رخ متعین ہوتا ہے۔

حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہ ہر صبح کیلنڈر پر تاریخ کی تبدیلی اس دعا کے ساتھ کرتی تھیں۔

رب ادخلنی مدخل صدق (۔)

شفا کے واقعات کا ریکارڈ

احتساب سے اگلا قدم ایسے واقعات کا ریکارڈ رکھنا ہے جن سے محض اللہ تعالیٰ کے فضل سے مریض کو غیر معمولی حالات میں شفا ملی۔

ایسے ایمان افروز واقعات جہاں انسان کو اپنے خالقِ حقیقی اور شافی مطلق کی طرف متوجہ رکھیں گے وہاں آئندہ نسل کا بھی ان کو پڑھ کر ایمان تازہ ہوتا رہے گا۔

حضرت مسیح موعود ڈاکٹروں کے لئے عبرت کے مواقع کے تحت تحریر فرماتے ہیں۔

''ڈاکٹروں کے واسطے عبرت کے نظاروں سے فائدہ حاصل کرنے کے لئے بہت موقعہ ہوتا ہے۔ قسم قسم کے بیمار آتے ہیں۔ بعض کے ہاتھ پاؤں کاٹ دئے جاتے ہیں بعض کی ایسی حالت ہوتی ہے کہ شدت بیماری کے سبب لَامِنَ الْاَحْیَاءِ وَ لَامِنَ الْاَمْوَاتِ نہ زندوں میں داخل نہ مردوں میں۔ لیکن ایسے نظاروں کو کثرت کے ساتھ دیکھنے سے سخت دلی بھی پیدا ہو جاتی ہے۔ اور ضروری بھی ہے کیونکہ نرم دل اور رقیق القلب ایسا کام نہیں کر سکتا کیونکہ سرجری کا کام بہت حوصلے کا کام ہے۔''

(ملفوظات جلد 5 ص 360)

ایک احمدی ڈاکٹر اور طبیب کی شان

ایک احمدی ڈاکٹر یا طبیب جہاں اپنی استعدادوں اور اوقات کو خدمت دینیہ کے لئے خدمت انسانیت کے لئے وقف کئے ہوئے ہوتا ہے وہاں اپنے اموال کو اللہ تعالیٰ کے نام پر خرچ بھی کرتا ہے اور اپنے تمام چندہ جات کی بروقت شرح کے مطابق ادائیگی کرتا ہے۔ بعض احمدی ڈاکٹرز اور اطباء نے اپنے کلینک پر Box بنا رکھے ہیں جہاں اپنی آمد کا 1/10 حصہ ساتھ ہی جمع کرتے رہتے ہیں۔ اور وہ یقین رکھتے ہیں۔

ع

سب تیری عطا ہے گھر سے تو کچھ نہ لائے

خدا کا خانہ خالی رکھو

طبیب اور ڈاکٹر اپنے علم، تجربہ کی بناء پر علاج کرتا ہے۔ اور حسبِ توفیق دوا کے ساتھ ساتھ دعا بھی کرتا ہے اور بسا اوقات مرض کو لاعلاج قرار دے دیتا ہے۔ جو درست نہیں۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد لِکُلِّ دَاءٍ دَواءٌ الا الموت کے مطابق ہر بیماری کا علاج موجود ہے۔ ماسوائے موت کے۔ ممکن ہے کہ اس بیماری یا مرض کی سمجھ ڈاکٹر کو نہ آ رہی ہو۔ اپنے ساتھیوں سے صلاح مشورہ کرنا اور مریض کی جان بچانا ایک اچھے ڈاکٹر کا خاصا ہے۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

''جماعت کے ڈاکٹروں سے میں چاہتا ہوں کہ ایسے معاملات میں اپنے ہی علوم کو کافی نہ سمجھیں بلکہ خدا کا خانہ بھی خالی رکھیں اور قطعی فیصلے اور یقینی رائے کا اظہار نہ کر دیا کریں کیونکہ اکثر ایسا تجربہ میں آیا ہے کہ بعض ایسے مریض جن کے حق میں ڈاکٹروں نے متفقہ طور سے قطعی اور یقینی حکم موت کا لگا دیا ہوتا ہے ان کے واسطے خدا کچھ ایسے اسباب پیدا کر دیتا ہے کہ وہ بچ جاتے ہیں اور بعض ایسے لوگوں کی نسبت جو کہ اچھے بھلے اور بظاہر ڈاکٹروں کے نزدیک ان کی موت کے کوئی آثار نہیں نظر آتے خدا قبل از وقت ان کی موت کی نسبت کسی مومن کو اطلاع دیتا ہے۔ اب اگرچہ ڈاکٹروں کے نزدیک اس کا خاتمہ نہیں۔ مگر خدا کے نزدیک اس کا خاتمہ ہوتا ہے اور چنانچہ ایسا ہی ظہور میں آ جاتا ہے۔

علم طب یونانیوں سے مسلمانوں کے ہاتھ آیا مگر مسلمان چونکہ موحد اور خدا پرست قوم تھی انہوں نے اسی واسطے اپنے نسخوں پر ھوالشافی لکھنا شروع کر دیا۔ ہم نے اطباء کے حالات پڑھے ہیں۔ علاج الامراض میں مشکل امر تشخیص کو لکھا ہے۔ پس جو شخص تشخیص مرض میں ہی غلطی کرے گا وہ علاج میں بھی غلطی کرے گا کیونکہ بعض امراض ایسے ادق اور باریک ہوتے ہیں کہ انسان ان کو سمجھ ہی نہیں سکتا۔ پس مسلمان اطباء نے ایسی دقتوں کے واسطے لکھا ہے کہ دعاؤں سے کام لے۔ مریض سے سچی ہمدردی اور اخلاص کی وجہ سے اگر انسان پوری توجہ اور درد دل سے دعا کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس پر مرض کی اصلیت کھول دے گا کیونکہ اللہ تعالیٰ سے کوئی غیب مخفی نہیں۔

پس یاد رکھو کہ خدا تعالیٰ سے الگ ہو کر صرف اپنے علم اور تجربہ کی بناء پر جتنا بڑا دعویٰ کرے گا اتنی ہی بڑی شکست کھائے گا۔ مسلمانوں کو توحید کا فخر ہے۔ توحید سے مراد صرف زبانی توحید کا اقرار نہیں بلکہ اصل یہ ہے کہ عملی رنگ میں حقیقتاً اپنے کاروبار میں اس امر کا ثبوت دے دو کہ واقعی تم موحد ہو اور توحید ہی تمہارا شیوہ ہے۔ ہمارا ایمان ہے کہ ہر ایک امر خدا تعالیٰ کی طرف سے ہوتا ہے۔ اس واسطے (۔) خوشی کے وقت الحمدللہ اور غمی اور ماتم کے وقت اناللہ (۔) کہہ کر ثابت کرتا ہے کہ واقعہ میں اس کا ہر کام میں مرجع صرف خدا ہی ہے جو لوگ خدا تعالیٰ سے الگ ہو کر زندگی کا کوئی حظ اٹھاتے ہیں وہ یاد رکھیں کہ ان کی زندگی بہت ہی تلخ ہے کیونکہ حقیقی تسلی اور اطمینان بجز خدا میں محو ہونے اور خدا کو ہی ہر کام کا مرجع ہونے کے حاصل ہو سکتا ہی نہیں۔ ایسے لوگوں کی زندگی تو بہائم کی زندگی ہوتی ہے اور وہ تسلی یافتہ نہیں ہو سکتے۔ حقیقی راحت اور تسلی انہیں لوگوں کو دی جاتی ہے جو خدا سے الگ نہیں ہوتے اور خدا تعالیٰ سے ہر وقت دل ہی دل میں دعائیں کرتے رہتے ہیں۔''

(ملفوظات جلد پنجم ص 613، 612)

ایک دفعہ ایک ڈاکٹر نے کسی کی بیماری کو خطرناک بتایا اور بعد میں وہ مریض تندرست ہو گیا۔ اس اطلاع پر حضرت مسیح موعود نے فرمایا:۔

''یہ لوگ ایسی غلطیاں کھاتے ہیں۔ ہمارے مسلمان اطباء میں کیا عمدہ بات ہے کہ لکھا ہے کہ نبض دیکھنے سے پہلے طبیب یہ پڑھا کرے۔ **سبحانک لا علم لنا** (۔) (البقرہ:33) تو پاک ہے ہمیں کوئی علم نہیں سوا اس کے جو تو نے ہم کو سکھایا تحقیق تو علم اور حکمت والا ہے۔

(ملفوظات جلد 4 صفحہ 281)

''خدا کا خانہ خالی رکھو کے تحت اس امر کا اظہار بھی ضروری معلوم ہوتا ہے کہ اصل اور حقیقی شافی اللہ تعالیٰ ہے۔ مرض کو سمجھنے کے لئے اپنے ساتھی احباب سے مشورہ کرنا بھی ضروری ہے اور باہم افہام و تفہیم سے ایک ادارہ میں خدمت بجا لانی ہے۔ حفظ مراتب کا خیال رکھنا اور ایک دوسرے کے نسخہ جات کو عزت اور توقیر کی نگاہ سے دیکھنا بھی ضروری ہے کیونکہ انسانی جسم کی ساخت خدا نے بنائی ہے۔ جو انسان کی سمجھ سے بالا ہے۔ ادارہ یعنی ہسپتال ایک گھرانہ کی طرح ہے۔ اور ایک گھر میں موجود تمام افراد باہم ایک دوسرے کے تعاون سے گھر کو چلا رہے ہوتے ہیں۔

''ھوالشافی'' سے تعلق میں یہ تحریر کرنا بھی ضروری معلوم ہوتا ہے کہ علاج کے تمام طریق اللہ تعالیٰ کے بنائے ہوئے ہیں اس لئے ایلوپیتھی، ہومیوپیتھی، یونانی اور چائینی علاج اکٹھا بھی ہو سکتا ہے۔ ادویات سے زیادہ انحصار اللہ تعالیٰ پر ہونا ضروری ہے۔ ایک ڈاکٹر کا خدا تعالیٰ پر یقین کامل ہونا بھی ضروری ہے۔ اللہ تعالیٰ سے رہنمائی لینی ضروری ہے۔ اللہ تعالیٰ نے تو قرآن کریم کو شفا کا مظہر قرار دیا ہے۔ فرمایا۔

ایک موقع پر آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

کہ بہترین دوائی قرآن ہے۔

اور ایک دفعہ فرمایا:۔

کہ تم پر دو شفائیں لکھ دی گئی ہیں۔ ایک شھد اور ایک قرآن۔

(ابن ماجہ عن عبداللہ بن مسعود)

قرآن کریم میں جن کھانے والی چیزوں کا ذکر ہے جیسے شہد، کھجور، تین، زیتون، کیلا وغیرہ وغیرہ کے متعلق جو تحقیق ہوئی ہے اس کے مطابق صحت کے لئے بہت مفید ہیں۔ اور حکماء و اطباء علاج کے طور پر ان کا استعمال خوب کرواتے ہیں۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

''ڈاکٹروں کو بھی مناسب نہیں کہ پرانی طب کو حقارت سے دیکھیں۔ بعض باتیں ان میں بہت مفید ہیں۔''

(ملفوظات جلد 4 صفحہ 508)

ایک دفعہ طب کا ذکر آیا تو حضرت مسیح موعود نے فرمایا:۔

'' مسلمانوں کو انگریزی طب سے نفرت نہیں چاہئے۔ (۔) حکمت کی بات تو مومن کی اپنی ہے۔ گم ہو کر کسی اور کے پاس چلی گئی تھی۔ پھر جہاں سے ملے جھٹ قبضہ کرے...... ہندی، جاپانی، یونانی انگریزی ہر طب سے فائدہ حاصل کرنا چاہئے۔''

(ملفوظات جلد 4 صفحہ 507)

حضرت منشی ظفر احمد صاحب کپورتھلوی بیان کرتے ہیں حضرت مسیح موعود نے صرف زبانی نصائح تک ہی اکتفا نہ فرمایا بلکہ عمل بھی کر دکھلایا۔

حضرت مسیح موعود کو دوران سر کا عارضہ تھا۔ ایک طبیب کے متعلق سنا گیا کہ وہ اس میں خاص ملکہ رکھتا ہے اسے بلوایا گیا کرایہ بھیج کر اور کہیں دور سے۔ اس نے حضور کو دیکھا اور کہا کہ دو دن میں آپ کو آرام کر دوں گا۔ یہ سن کر حضرت صاحب اندر چلے گئے اور حضرت مولوی نورالدین صاحب کو رقعہ لکھا کہ اس شخص سے علاج میں ہرگز نہیں کرانا چاہتا۔ یہ کیا خدائی دعویٰ کرتا ہے۔ اس کو واپس کرایہ کے روپے اور مزید پچیس روپے بھیج دیئے کہ یہ دے کر اسے رخصت کر دو۔ چنانچہ ایسا ہی کیا گیا۔

(رفقاء احمد جلد 4 ص 145)

کہتے ہیں کسی گاؤں میں بارش نہیں ہو رہی تھی۔ نماز استسقاء ادا کی گئی۔ ایک گیارہ سالہ بچی بھی اس نماز کی ادائیگی کے لئے گئی اور جاتی دفعہ چھتری اپنے ساتھ لے گئی۔ کسی نے پوچھا کہ ابھی تو بارش مانگنے کے لئے دعا کرنے لگے ہیں آپ چھتری بھی ساتھ لے آئی ہیں تو وہ کہنے لگی کہ جب ہم دعا کرنے لگے ہیں تو آخر بارش بھی ہو گی اور اس بارش میں میں نے گھر بھی جانا ہے اس لئے چھتری ساتھ لائی ہوں۔

اس بچی جیسا یقین کامل ایک طبیب اور معالج میں ہونا چاہئے کہ علاج کر رہا ہوں اور دوا کے ساتھ دعا بھی کر رہا ہو۔ اللہ تعالیٰ قبول فرمائے گا اور اس کو شفا عطا ہو گی۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

جو کوئی اس یقین کے ساتھ خدا پر توکل کرتا ہے خدا تعالیٰ اس کے لئے کافی ہو جاتا ہے۔

(سورۃ الطلاق:4)

اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنے احکامات کما حقہ پورے کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

(یہ مضمون فضل عمر ہسپتال کے گائنی وارڈ کی ایک تقریب میں سنایا گیا)

مکرم منصور احمد صاحب

ہماری والدہ مکرمہ حمیدہ بیگم صاحبہ ریٹائرڈ معلّمہ

ہماری والدہ محترمہ حمیدہ بیگم صاحبہ ریٹائرڈ لیڈی ٹیچر ایم سی لاہور حلقہ سنت نگر لاہور طویل علالت کے بعد مورخہ 30 مارچ 2006ء کو 88 سال کی عمر میں بقضائے الٰہی وفات پا گئیں۔

ہماری پیاری والدہ صاحبہ مرحومہ دسمبر کے آخری ہفتہ میں 1917ء کو موضع رام داس تحصیل انبالہ ضلع امرتسر میں پیدا ہوئیں۔ آپ محترم چوہدری عبدالعزیز صاحب آف گوجرہ منڈی ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ کی بیٹی تھیں۔

جماعتی نظام کے تحت ہمارے نانا کو رفقاء حضرت مسیح موعود میں شمار کیا جاتا ہے۔ آپ 1877ء میں پیدا ہوئے اور 102 سال کی عمر میں 24 دسمبر 1979ء میں وفات پا گئے تھے اور آپ بفضل اللہ تعالیٰ ربوہ میں قطعہ رفقاء میں مدفون ہیں۔ ہماری والدہ مرحومہ کی عمر ابھی صرف 5 سال کی تھی کہ آپ کی والدہ صاحبہ فاطمہ بی بی 1922ء میں وفات پا گئیں۔ آپ کی ایک چھوٹی بہن رشیدہ بیگم صاحبہ کی عمر نانی جان کی وفات کے وقت صرف تین سال تھی۔ وہ بھی جوانی میں ہی قریباً 26 سال کی عمر میں وفات پا گئی تھیں۔

ہماری والدہ مرحومہ نے مڈل جے وی تک تعلیم حاصل کی۔ آپ نے جے وی کا امتحان ملتان سے 1942ء میں پاس کیا۔ اس کے بعد آپ نے گھریلو حالات کے پیش نظر درس و تدریس کا پیشہ اختیار کر لیا اور اس طرح آپ نے سب سے پہلے موضع کسیل تحصیل اجنالہ ضلع امرتسر میں بطور معلّمہ کام شروع کیا۔ 1942ء میں جنگ عظیم دوئم کی وجہ سے ہمارے دادا جان مکرم فیروزالدین صاحب کا کاروبار بند ہو گیا۔ تو آپ اپنی فیملی کے ساتھ لاہور آ گئے اور مصری شاہ لاہور کے علاقے میں رہائش پذیر ہو گئے۔ امرتسر سے آنے کے بعد بھی ہماری والدہ صاحبہ مرحومہ نے لاہور میں بھی درس و تدریس کا پیشہ جاری رکھا اور آپ کی پہلی تقرری 7 نومبر 1942ء کو مصری شاہ سکول لاہور میں ہوئی۔ اس طرح آپ نے معلّمہ کے طور پر لاہور کے مختلف مقامات نور محلّہ مڈل سکول بھاٹی گیٹ، محلّہ جلوٹیاں بھاٹی گیٹ، شیش محل داتا گنج بخش لاہور، وحدت کالونی اور آخر پر محلّہ جوڑے موری شاہ عالمی گیٹ لاہور میں خدمات کے بعد اسی سکول سے تقریباً 34 سال کے بعد 30 نومبر 1975ء کو ریٹائر ہو گئیں۔ آپ کے سکول کے سٹاف نے محبت، احترام اور تحفے تحائف دے کر رخصت کیا۔

ہماری والدہ محترمہ نے اپنی 34 سالہ طویل سروس میں ہمیشہ وقار سے کام کیا۔ ہمیشہ لڑائی جھگڑوں سے بہت دور رہتی تھیں۔ آپ کی کارکردگی ہمیشہ مثالی رہی اور آپ کو کئی بار محکمہ نے ہیڈ مسٹریس کے عہدے کی پیشکش کی مگر آپ نے بوجوہ ہمیشہ انکار کیا۔ آپ کی لکھائی خوبصورت تھی اس لئے آپ کا رجسٹر اور رپورٹیں اور ڈائری وغیرہ خوبصورت اور دیدہ زیب ہوتی تھی۔ آپ لکھتے وقت ربڑ اور بلیڈ کا نصف ٹکڑا اپنے پاس رکھتی تھیں۔ سروس کے دوران کسی نے بھی آپ کے کام پر انگلی نہیں اٹھائی بلکہ آپ کے کام کو سراہا گیا۔ آپ کی تمام سروس کا ریکارڈ مثالی رہا۔ ہماری والدہ صاحبہ مرحومہ کو سکول اور محلّہ میں ایک ٹیچر کی حیثیت سے عزت اور احترام کی نظر سے دیکھا جاتا تھا اور تمام چھوٹے بڑے سب آپ کو آپا جی کہہ کر پکارتے تھے۔ آپ حساب کتاب اور اردو کی بڑی ماہر تھیں۔

آپ نے نہایت سادہ مگر صاف ستھری زندگی بسر کی۔ اور انہوں نے سروس کے دوران ہمیشہ اپنا لباس نہایت صاف ستھرا اور معیاری رکھا۔

ہمارے گھر کی شروع شروع میں مالی حالت اچھی نہ تھی۔ مگر ہماری والدہ صاحبہ نے اس وقت کو نہایت صبر، حوصلہ، وقار اور سلیقے کے ساتھ گزارا۔ ہماری پڑھائی کے دوران ہماری ہر ضرورت کا خیال رکھا اور ہماری معمولی سے معمولی ضرورت کو پورا کیا اور ہمیں پڑھائی کے دوران کسی چیز کی کمی محسوس نہ ہونے دی۔ ہماری والدہ مرحومہ نے ہمیں پروان چڑھانے کے لئے اپنی زندگی میں سخت محنت کی۔

جب اللہ تعالیٰ نے ہماری والدہ کے دن پھیرے اور مالی خوشحالی عطا فرمائی تو ہماری والدہ مرحومہ نے دل کھول کر اپنے عزیزوں اور تمام رشتے داروں کی ہر طرح مدد کی اور خاص طور پر غریبوں کا خاص طور پر خیال رکھا۔ ان کی بچیوں کی شادیوں کے موقع پر مالی مدد کی مگر کسی کو کانوں کان خبر بھی نہ ہونے دی۔

ہماری والدہ صاحبہ نے 1950ء میں ہی 1/8 حصہ کی وصیت کر لی تھی اور اپنی وفات تک جو 30 مارچ 2006ء کو ہوئی تھی اپنی وصیت کے عرصے کو جو نصف صدی سے زائد عرصہ تک پھیلا ہوا ہے کو نہایت اخلاص، وفا اور صدق و صفا سے نبھایا۔ آپ اپنے چندوں کی بروقت ادائیگی کی عادی تھیں۔ آپ کی وفات کے وقت آپ کے تمام چندوں کا حساب بالکل صاف اور ہر طرح سے مکمل تھا بلکہ کچھ زائد ادائیگی بھی ہو چکی تھی۔ ہماری والدہ ہمیں بھی چندے بروقت ادا کرنے کی تلقین کرتی تھیں۔

ہماری والدہ مرحومہ تحریک جدید کی اول پانچ ہزاری مجاہدین میں شامل تھیں۔ اسی طرح آپ نے وقف جدید اور دیگر چندوں میں بھی دل کھول کر چندہ دیا۔ بیت السلام حلقہ سنت نگر لاہور کی تعمیر میں بھی آپ نے کافی چندہ دیا۔ اسی طرح جب حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے خطبات ایم ٹی اے پر نشر ہونے شروع ہوئے تو ہماری والدہ صاحبہ مرحومہ نے ایک بڑا ٹی وی سیٹ اپنی طرف سے خرید کر جماعت کی خدمت میں پیش کر دیا جس سے حلقہ کے تمام احباب مستفید ہوئے اور اب تک ہو رہے ہیں۔

ہمارے والد چوہدری بشیر احمد ولد فیروزالدین امرتسر بھی تحریک جدید کے اول پانچ ہزاری مجاہدین میں شامل تھے۔ وفات کے بعد ہماری والدہ مرحومہ نے آپ کے تحریک جدید کے چندہ کو تا وفات جاری رکھا اور اب بھی بفضل اللہ تعالیٰ ان کے تحریک جدید کا چندہ جاری ہے جس کو ہماری ہمشیرہ عزیزہ سلیم اختر صاحبہ نے جاری رکھا ہوا ہے۔ اللہ تعالیٰ اسے جزائے خیر دے۔

ہماری والدہ صاحبہ مرحومہ پردہ کی بے حد پابند تھیں۔ آپ نے پردہ کسی صورت اور کسی عمر میں بھی ترک نہیں کیا۔ جب پنشن لینے کے لئے یا کسی بھی کام کے لئے موٹر سائیکل پر جاتیں تو ہمیشہ برقعہ پہن کر جاتیں۔ حالانکہ ایک سکول ہماری رہائش سے صرف چند قدموں کے فاصلے پر واقع تھا مگر آپ ہمیشہ برقعہ پہن کر اور مناسب پردہ کرتے ہوئے سکول جایا کرتی تھیں۔ آپ نے اپنی زندگی میں کبھی بھی برقعہ پہننا ترک نہ کیا۔ حالانکہ آپ کی عمر 85 سال سے تجاوز کر چکی تھی۔ جب گھر پر ہوتیں تو ہمیشہ دوپٹہ استعمال کرتی تھیں۔ جب فالج کی وجہ سے چارپائی سے لگ گئیں تو اس وقت بھی ہر وقت سر پر دوپٹہ رکھتیں۔ جب تک صحت رہی روزے رکھتی رہیں۔

قربانی کا گوشت تقسیم کرنے سے قبل ایک فہرست تیار کر لیتیں پھر گوشت کو تول تول کر لفافہ میں ڈال دیتیں اور وصول کنندہ کے نام بھی لفافہ میں رکھ دیتیں۔ گوشت تقسیم کرتے وقت تمام عزیزوں، رشتہ داروں اور ہمسایوں وغیرہ سب کا خیال رکھتیں اور ان کی ہمیشہ یہ کوشش ہوتی تھی کہ سب کو اپنا اپنا حصہ ملے اور کوئی رہ نہ جائے۔

جب سے ہم نے ہوش سنبھالا ہے ہم نے کبھی بھی اپنی والدہ کو نماز ترک کرتے ہوئے نہیں دیکھا۔ ہمیں بھی ہمیشہ نماز ادا کرنے کی تلقین کرتی تھیں۔ اور اگر ہم نماز کی ادائیگی میں کوتاہی کرتے تو ناراضگی کا اظہار کرتی تھیں۔ آپ اکثر قرآن مجید پڑھتی رہتی تھیں۔ ہم نے قرآن مجید اپنی والدہ صاحبہ سے پڑھا۔ اسی طرح آپ روزنامہ الفضل اور دیگر جماعتی رسالہ جات بڑے شوق سے پڑھتی تھیں۔ ویسے بھی آپ کو مطالعہ کا بہت شوق تھا۔ آپ کو سارے خاندان کے افراد کے نام اور ان کی تاریخ پیدائش اور نیز متوفی رشتہ داروں کا سن وفات سب کچھ یاد تھا۔ ہمسایوں کے بچوں کے نام اور ان کی تاریخ پیدائش آپ کے دماغ میں محفوظ تھی اور راقم کو ان کی اس یادداشت پر اکثر حیرانی ہوتی تھی کہ کس طرح اتنا بڑا ذخیرہ ان کے دماغ میں محفوظ ہے۔

ہماری والدہ ہر سال جلسہ سالانہ میں شمولیت اختیار کرتی تھیں۔ پاکستان بننے سے قبل وہ ہمیں ہمیشہ قادیان کے جلسہ سالانہ پر 1946ء تک لے کر جاتی تھیں۔

ہمارے پیارے والد چوہدری بشیر احمد صاحب ولد فیروزالدین صاحب امرتسر 14 فروری 1914ء کو امرتسر میں پیدا ہوئے آپ پیدائشی احمدی تھے۔ آپ نے 1957ء میں گورنمنٹ گرلز ووکیشنل سکول دیو سماج روڈ سنت نگر لاہور میں بطور ٹیچر ملازمت اختیار کی اور 1970ء میں ملازمت سے ریٹائر ہو گئے۔ جب سے ہم نے ہوش سنبھالا ہم نے والد صاحب کو باریش اور ہمیشہ صوم وصلوٰۃ کا پابند پایا۔ آپ نے اپنی زندگی کی تقریباً 70 بہاریں دیکھیں جو آپ نے نہایت سادگی سے گزاریں۔ نہ کسی سے لڑائی نہ جھگڑا۔ اگر کسی نے دکھ دیا تو صبر کر لیا۔ آپ عرصہ تک حلقہ سنت نگر لاہور کے مرکز نماز کے امام رہے اور یہ فرائض آپ اپنی وفات 1983ء تک باقاعدگی سے ادا کرتے رہے۔

ہماری والدہ صاحبہ نے اپنے خاوند کی وفات کے وقت کسی قسم کی بے صبری کا اظہار نہ کیا۔ حالانکہ آپ کی ازدواجی زندگی تقریباً 50 سال تک پھیلی ہوئی تھی۔ آپ نے اپنے خاوند کی وفات پر نہایت صبر کا مظاہرہ کیا۔ ہمارے والد صاحب کی وفات کے بعد ہماری والدہ محترمہ 23 سال سے زائد عرصہ تک زندہ رہیں آپ نے یہ سارا وقت نہایت تحمل اور نہایت وقار سے بسر کیا اور اپنی زندگی میں سب کی خوب خدمت کی۔

گو ہماری والدہ صاحبہ فالج کی وجہ سے چلنے پھرنے سے معذور ہو گئی تھیں مگر آپ کی شنوائی وغیرہ بالکل درست رہی۔ اس لئے آپ چارپائی پر لیٹے لیٹے ہی حضور کے خطبات کو باقاعدگی کے ساتھ سنتی رہیں۔ اسی طرح حضور کی جلسہ سالانہ وغیرہ کی تقریریں اور درس قرآن کریم نہایت ذوق وشوق اور عقیدت کے ساتھ سنتی اور دیکھتی تھیں۔ آپ کی سہولت کے لئے ان کے کمرے میں ٹی وی رکھ دیا گیا تھا۔

ہماری پیاری والدہ صاحبہ بقضائے الٰہی طویل علالت کے بعد 88 سال کی عمر میں 30 مارچ 2006ء کو رات کے 10 بجے اپنے مالک حقیقی کے حضور حاضر ہو گئیں...... اگلے روز صبح ساڑھے 9 بجے مرحومہ کی نماز جنازہ ان کی رہائش گاہ سنت نگر لاہور پر ملک احسان اللہ صاحب مربی سلسلہ نے پڑھائی۔ جس میں رشتہ داروں اور سنت نگر کے حلقہ کے احباب نے شرکت کی۔ مرحومہ چونکہ موصیہ تھی اس لئے لاہور میں نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد آپ کا جنازہ ربوہ لے جایا گیا۔ جہاں پر نماز جمعہ کے بعد نماز جنازہ ادا کرنے کے بعد مرحومہ کو بہشتی مقبرہ کے قطعہ نمبر 6 میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ تدفین کے بعد جناب ڈاکٹر عبدالخالق صاحب خالد نائب صدر انصاراللہ پاکستان ربوہ نے دعا کروائی۔

بلانے والا ہے سب سے پیارا
اسی پہ اے دل تو جاں فدا کر

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ ہمارا رب ہماری والدہ مرحومہ کی مانگی ہوئی تمام دعائیں قبول فرمائے اور اس کا فیض متعلقین کو عطا فرمائے۔ آمین

(باقی صفحہ 6 پر)

مکرم عبدالاعلیٰ نجم الثاقب صاحب

تباہی کی ایجادیں، دفاع کے ہتھیار

پستول، بندوق اور گولہ و بارود

پہلے پہل جنگیں دست بدست لڑی جاتی تھیں جن میں پتھروں، تلواروں، بھالوں، نیزوں اور تیروں کا استعمال ہوتا تھا۔ پھر بھاری پتھر پھینکنے کے لئے مشینیں استعمال ہوئیں جن کی مدد سے محدود پیمانے پر تباہی ہوتی تھی۔ محمد بن قاسم نے جب 712ء میں سندھ پر حملہ کیا تو اس کے سپاہیوں نے منجنیق استعمال کی تھی جو دشمن کے قلعوں پر پتھر پھینکتی تھی۔ اس کے بعد آئندہ صدیوں میں آتشیں اسلحہ استعمال ہونا شروع ہوا اور ایسے ایسے خطرناک ہتھیار ایجاد ہو گئے جو یکلخت ہزاروں انسانوں کو موت کے گھاٹ اتار سکتے ہیں۔ آیئے دیکھتے ہیں انسان نے اپنی تباہی کے لئے کیسے کیسے ہتھیار جمع کر لئے ہیں۔

بارود

چین کے لوگ بارود بنانے سے نویں صدی عیسوی میں ہی واقف تھے۔ تاہم یورپ میں راجر بیکن اور برتھولڈ نامی اشخاص نے تقریباً سات سو سال قبل بارود بنایا۔ بارود بنانے کے لئے قلمی شورہ (Natric Acid) گندھک اور کوئلہ استعمال ہوتا تھا۔ بارود کو آگ لگانے پر زبردست دھماکہ ہوتا تھا۔ اس وجہ سے اسے چٹانیں توڑنے کے کام بھی لایا جاتا۔ پھر ایسے ہتھیار مثلاً بندوق وغیرہ ایجاد ہوئے جو بارود کی مدد سے کام کرتے تھے۔ انہی ایجادات کے بل بوتے پر انگریزوں نے دنیا کے ایک بڑے حصے پر راج کیا۔ ابتداء میں جو بارود بنایا گیا اسے گن پوڈر کہتے تھے اور گزشتہ صدی میں 1846ء میں ایک جرمن کیمسٹ کرسچن شان بین نے گن کاٹن ایجاد کی۔ اس نے روئی کو نائٹرک ایسڈ اور سلفیورک ایسڈ میں بھگویا اور یہ دھماکہ خیز چیز بن گئی۔ 1847ء میں اٹلی کے سابریو (Sobrero) نے نائٹروگلیسرین تیار کی۔ اسے جب جلایا جاتا تو یہ اپنے حجم سے 12000 گنا زیادہ گیس پیدا کرتی تھی۔ گن پاؤڈر (جس کا ذکر پہلے ہو چکا ہے) جلنے پر 4000 گنا گیس پیدا کرتا ہے۔ یوں نائٹروگلیسرین بہت زیادہ طاقتور ہے۔ لیکن اس کے استعمال میں بہت خطرہ تھا کیونکہ معمولی جھٹکے یا چوٹ سے اسے آگ لگ جاتی ہے۔ اس کا حل ڈائنامائیٹ کی صورت میں نکلا۔

ڈائنامائیٹ

ڈائنامائیٹ کا موجد سویڈن کا الفریڈ نوبل ہے۔ وہ 1833ء میں پیدا ہوا۔ اس کا باپ آتش گیر مادوں کا ماہر تھا۔ 1866ء میں نوبیل نے حادثاتی طور پر معلوم کیا کہ اگر مائع نائٹروگلیسرین کو ریت کی ایک قسم Kiesel Guhr سے ملا دیا جائے تو اگرچہ اس کی دھماکہ خیزی برقرار رہتی ہے تاہم اسے ہلانے جلانے پر کوئی نقصان نہیں ہوتا۔ اس نیم ٹھوس آمیزے کو اس نے ڈائنامائیٹ کا نام دیا۔

نوبیل نے ڈائنامائیٹ کے علاوہ اور بھی بہتر بارود بنائے۔ اس نے گن پاؤڈر کو بھی بہتر شکل دی۔ ان ایجادات سے اس نے بہت دولت کمائی اور مرنے سے قبل وصیت کی کہ یہ دولت بینک میں جمع کر دی جائے اور منافع کی رقم سے ہر سال پانچ شعبوں میں اہم کام کرنے والے سائنس دانوں کو "نوبیل پرائز" دیا جائے۔

بندوق

گزشتہ چھ سو سال سے بندوق کسی نہ کسی شکل میں جنگ اور لڑائی میں کام آ رہی ہے۔ دراصل توپ بھی بندوق ہی کی ایک بڑی شکل ہے۔ بندوق کی اہم پہچان ایک بڑی سی نالی ہے۔ جس کی گولائی مختلف سائز کی ہو سکتی ہے۔ نالی کے اندر دیواریں ہموار نہیں ہوتیں بلکہ سپرنگ نما لائنیں لگی ہوتی ہیں جو گولی کو گھمانے کے کام آتے ہیں تاکہ دوران فائر گولی سیدھی ٹارگٹ پر جائے۔ فائر کرنے کے لئے ٹرائیگر دبایا جاتا ہے جس کے نتیجے میں بجلی کا چھوٹا سا شعلہ پیدا ہوتا ہے جو گولی میں موجود پوڈر کو جلاتا ہے جس سے گیس پیدا ہوتی ہے اور گیس کے زبردست دباؤ سے گولی (یا توپ کا گولہ) حرکت میں آ جاتا ہے۔ گولی کی رفتار 700 کلومیٹر فی گھنٹہ سے لے کر 4500 کلومیٹر فی گھنٹہ تک ہو سکتی ہے۔ مشین گن ایک آٹومیٹک بندوق ہوتی ہے جو ایک سیکنڈ میں تقریباً دس فائر کرتی ہے۔ مارٹر جو ایک چھوٹی توپ ہوتی ہے اور شارٹ گن کی نالی اندر سے بالکل ہموار ہوتی ہے۔ عموماً شارٹ گن کی دو نالیاں ہوتی ہیں۔

پندرہویں صدی میں جو ابتدائی بندوقیں تیار کی گئیں انہیں آرکیوبس کہتے تھے۔ ان کی نالی کے اگلے سرے سے پہلے بارود بھرا جاتا تھا اور پھر اس کے اوپر دھات کی گولی رکھ دیتے تھے۔ بعدازاں ایک چھوٹے سوراخ سے بارود کو آگ لگائی جاتی اور یوں بننے والی گیس کے دباؤ سے گولی تیزی سے نکلتی۔

بندوق کی بہتر شکل گزشتہ صدی میں سامنے آئی جب گولی اور بارود کو الگ الگ ڈالنے کی بجائے ایک ہی کارتوس میں بھرا جانے لگا اور علاوہ ازیں کارتوس کو نالی کے اگلے سرے کی بجائے پچھلے حصے میں ڈھکنا کھول کر رکھنے کا سلسلہ شروع ہوا۔

عام بندوقوں میں ٹریگر دبانے پر ایک پن کارتوس کو زور سے لگتی ہے جو شعلہ پیدا کر کے پوڈر کو جلانے کا کام کرتی ہے۔ بندوق کی کئی ترقی یافتہ شکلیں سامنے آ چکی ہیں۔ مثلاً کلاشنکوف، ٹرپل ٹو وغیرہ اور گزشتہ سال آسٹریلیا میں ایک الیکٹرک گن بھی ایجاد ہوئی ہے جو منٹوں میں لاکھوں فائر کرتی ہے۔

پستول

پستول اور بندوق میں بنیادی فرق صرف سائز کا ہے۔ پہلے پہل پستول 1550ء میں بنایا گیا۔ لیکن اس میں بار بار گولیاں بھرنا ایک مشکل کام تھا۔ چنانچہ 1813ء سے 1835ء کے دوران سموئیل کولٹ نامی شخص نے ریوالور ایجاد کیا جس میں بیک وقت چھ گولیاں پڑ سکتی تھیں اور ہر بار ٹرائیگر دبانے پر ایک گولی فائر ہوتی۔ اس کی ترقی یافتہ شکلیں آج کل موجود ہیں۔ آٹومیٹک پستول میں چھ سے بارہ تک گولیاں ہوتی ہیں۔ پستول کا نشانہ تھوڑے فاصلہ تک اچھا رہتا ہے۔ 12 میٹر کے بعد اس کا اعتبار کم ہو جاتا ہے۔

تارپیڈو

